
| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | اکتسواں ہفتہ | موضوع: | بھاری حرف 'دھ' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ بھاری حرف 'دھ' کی آواز الفاظ پہچان سکیں۔ دھ کو ا، و، ی، ے سے ملا سکیں۔ 'دھ' کے الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں جملے پڑھ سکیں۔ | **دہرائی:** بھاری حروف بھ، پھ، تھ، ٹھ، جھ، چھ کے فلیش کارڈز دکھا کر آوازوں کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم دکو دو چشمی 'ھ' کے ساتھ ملانا سیکھیں گے۔ 'دھ' کو بڑا کر کے تختہ سفید/ سیاہ پر لکھا جائے گا اور بچوں کو آواز بتائی جائے گی۔ بچوں سے ہوا میں انگلی سے 'دھ' لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ 'دھ' کے ساتھ ا، و، ی، ے لکھ کر پڑھنا بتایا جائے گا۔<br><br><br>'دھ' کے الفاظ کے فلیش کارڈز دکھا کر ان کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔<br>(دھات، دھار، دھاڑ، دھاگ، دھان)<br>**مرکزی سرگرمی:** بچوں کو فلیش کارڈز اور پلے ڈو دی جائے گی۔ بچے پلے ڈو سے 'دھ' بنا کر فلیش کارڈز میں سے 'دھ' کے الفاظ ڈھونڈ کر اس کے نیچے رکھیں گے۔ بچوں سے 'دھ' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔ بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 65 کھولنے کو کہا جائے گا۔ دھ لکھنے اور 'دھ' کو مصوتوں کے ساتھ ملا کر لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:** بچوں سے 'دھ' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:** کاپی پر 'دھ' لکھیے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | حرف 'دھ' کا فلیش کارڈ 'دھ' کے الفاظ کے فلیش کارڈز<br>پلے ڈو<br>دھ کے الفاظ فلیش کارڈز<br>کتاب صفحہ نمبر 65 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حرف کے 'دھ' کی آواز اس کے الفاظ کی پڑھائی اور لکھائی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی اکتسواں ہفتہ | موضوع: | بھاری حرف 'دھ' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ بھاری حرف 'ڈھ' کی آواز الفاظ پہچان سکیں۔ دھ کو ا، و، ی، ے سے ملا سکیں۔'دھ' کے الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں جملے پڑھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>'دھ' کا فلیش کارڈ اس کی آواز اور الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>'دھ' تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر مصوتوں ا، و، ی، ے سے ملا کر لکھنا اور پڑھنا بتایا جائے گا۔ 'دھا' کے الفاظ تختہ سفید پر لکھ کر ان کی پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>معلمہ تختہ سفید/ سیاہ پر 'جھ، چھ اور دھ' کے الفاظ لکھے گی۔ بچوں کو باری باری بُلا کر الفاظ پڑھنے کو کہا جائے گا۔ پھر 'دھ' والے الفاظ میں سے کسی ایک کے گرد دائرہ بنانے کو کہا جائے گا۔<br>بچوں کو کتاب صفحہ 66 کھولنے کو کہا جائے گا۔ دھا والے الفاظ پڑھنے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔ معلمہ تمام الفاظ تختہ سفید/ سیاہ پر لکھے گی۔<br>نیچے دیے گئے حروف کے توڑ کو پڑھنے اور ملا کر جوڑ بنانے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ یہ تشدید والے الفاظ ہیں۔<br>**اختتامیہ:**<br>ہوا میں دھا، دھو، دھی، دھے لکھوائیے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں 'دھ' کو ا، و، ی، ے سے ملا کر لکھیے۔ | 5 منٹ<br><br><br>10 منٹ<br><br><br>20 منٹ<br><br><br><br><br>5 منٹ | جھ<br>چھ اور<br>دھ کے الفاظ<br>فلیش کارڈ<br><br>کتاب صفحہ<br>66 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حرف کے 'دھ' کی آواز اس کے الفاظ کی پڑھائی اور لکھائی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے.جی اکتسواں ہفتہ | موضوع: | بھاری حرف 'دھ' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ بھاری حرف 'ڈھ' کی آواز الفاظ پہچان سکیں۔ دھ کوا، و، ی، ے سے ملاسکیں۔ 'دھ' کے الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں جملے پڑھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>'دھا' کے الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ان کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>دھاڑ، دھات، دھار، دھان، دھاگا، دھن، دُودھ، دھنیا، دھوبی الفاظ فلیش کارڈ بورڈ پر چسپاں کر کے معلمہ بلند خوانی کرے گی اور بچوں سے کرنے کو کہے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ان الفاظ سے جملے پڑھیں گے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>معلمہ کتاب صفحہ 67 پر لکھے تمام جملے بورڈ پر لکھ کر ان کی بلند خوانی کرے گی اور بچوں سے کروائے گی۔ باری باری بچوں کو بُلا کر ان جملوں میں 'دھ' والے الفاظ کی نشاندہی کروائی جائے گی۔ بچوں سے کتاب صفحہ 67 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ وہ یہ جملے پڑھ چکے ہیں۔ تختہ سفید/ سیاہ پر نیچے دیے خالی جگہ پُر کرنے والے جملے بورڈ پر لکھ کر بچوں سے ان جملوں کو مکمل کرنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>جملوں کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | کتاب صفحہ 67 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حرف کے 'دھ' کی آواز اس کے الفاظ کی پڑھائی اور لکھائی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے.جی اکتسواں ہفتہ | موضوع: | بھاری حرف 'دھ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ بھاری حرف 'ڈھ' کی آواز الفاظ پہچان سکیں۔دھ کوا، و، ی، ے سے ملاسکیں۔'دھ' کے الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں جملے پڑھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>'دھ' کے الفاظ کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حرف کے 'دھ' کی آواز اس کے الفاظ کی پڑھائی اور لکھائی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو( دھنیا، دھاگا، دھوبی، دھکا،ھونا، دھڑکن، دھات، دھوم ) کے الفاظ فلیش کارڈ دکھا کران کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ان الفاظ کے توڑ کرنا بتایا جائے گا۔دھوبی=دھ + و -ب+ی دھکا=دھ + ا وغیرہ۔ | 10منٹ | الفاظ فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کوورک شیٹ مہیا کی جائے گی جس میں دھوبی، دھنیا، دھکا، دھاگا کی تصاویر ہوں گی بچوں کوتصاویر دیکھ کرلفظ لکھنے ہوں گے۔<br>بچوں کو چھ اور دھ کے الفاظ فلیش کارڈ دیے جائیں گے اور دوٹوکریاں دی جائیں گی۔بچے الفاظ کوالگ الگ کر کے ٹوکریوں میں ڈالیں گے۔ | 20منٹ | ٹوکریاں | |
| | **اختتامیہ:**<br>'دھ' کے الفاظ فلیش کارڈ دکھا کران کی پڑھائی کروایئے۔ | 5منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے.جی اکتسواں ہفتہ | موضوع: | بھاری حرف 'دھ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ بھاری حرف 'ڈھ' کی آواز الفاظ پہچان سکیں۔ دھ کوا، و، ی، ے سے ملا سکیں۔ 'دھ' کے الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں جملے پڑھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بھ، پھ، ٹھ، جھ، چھ اور دھ کی آوازیں پوچھی جائیں گی۔ 'دھ' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حرف کے 'دھ' کی آواز اس کے الفاظ کی پڑھائی اور لکھائی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو یاددہانی کروائی جائے گی کہ ہم آواز الفاظ وہ الفاظ ہوتے ہیں جن کی آخر کی آواز ایک جیسی ہوتی ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم دھ کے الفاظ دھاگا، دھونا، دُھن سے ہم آواز الفاظ بنانا سیکھیں گے۔ جیسا دھونا رونا سونا کونا | 10 منٹ | الفاظ فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ 68 کھولنے کو کہا جائے گا۔ دیے گئے الفاظ سے ہم آواز الفاظ بنانے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔ نیچے دیے جوڑ اور توڑ کو پڑھنے اور ایک جیسا رنگ بھرنے کو کہا جائے گا۔ معلمہ تختہ سفید/ سیاہ پر بھ، پھ، تھ، ٹھ، جھ، چھ، دھ لکھے گی اور بچوں کو ان کے الفاظ فلیش کارڈ دے گی۔ باری باری بچوں کو بُلا کر الفاظ پڑھنے اور درست بھاری حرف کے نیچے چسپاں کرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ 68 | |
| | **اختتامیہ:**<br>'دھ' کے تمام الفاظ دہرائے جائیں گے۔ | 5 منٹ | | |